لان کیا کہ تعلیم اور صحت کے شعبہ میں ملوث
یاؤں کے خلاف ان کی پارٹی منظم تحریک
اری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ ذات کی
تعداد کے تناسب میں ریزرویشن ملنے کیا جانا
یا ہے۔اس موقع پر انہوں نے اودھیش کمار
لو کو اپنی پارٹی کا ریاستی پرنسپل جنرل سکریٹری
امزد کرنے کا اعلان کیا اور بات چیت کے
وران دھوئی کیا کہ یونیورسٹی میں ہونے

دیگر کئی رہنماؤں نے پارٹی کا ہاتھ تھامے
ہوئے ان کی پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔
پریس کانفرنس میں پارٹی کے ریاستی صدر
اخلاق احمد، قومی نائب صدر رگھوپتی پرساد سنگھ،
قومی پرنسپل جنرل سکریٹری اعجاز احمد، قومی
جنرل سکریٹری پریم چند سنگھ، راگھوندر کشواہا،
اکبر علی پرویز، للن سنگھ، آنند مدھوکر اور شیام
سندر یادو بھی موجود تھے۔

نمائش کا افتتاح کرتے وزیر فن و ثقافت کرشن کمار رشی۔

ی جیم کا افتتاح

چاہئے تو ورزش ضرور کریں اس موقع پر وی

عیسیٰ پور پمپ بورنگ ایک ہفتہ سے ٹھپ، لوگ پریشان

بھاواری شریف (جای) عیسیٰ پور پمپ بورنگ گذشتہ ایک ہفتہ سے ٹھپ ہے جس کے سبب پانی سپلائی نہیں ہونے سے مگھر پریشد کے 6 وارڈ کی 15 ہزار کی آبادی متاثر ہے۔ مقامی لوگوں نے بتایا کہ اگر پمپ کو جلد درست نہیں کیا گیا تو وہ تحریک پر مجبور ہوں گے۔

موسم کا حال

پٹنہ -	22.5 - 13.2
گیا۔	23.3 - 12.1
بھاگلپور۔	28.6 - 13.7

میڈیا کو ڈرنے کی ضرورت نہیں: تیجسوی

پٹنہ (شعبان) بہار اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر اور سابق نائب وزیر اعلیٰ تیجسوی یادو نے کہا ہے کہ میڈیا کو کسی سے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ وہ جمہوریت کا چوتھا مضبوط ستون ہے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا کو انسان کے ذریعہ دھمکی دی جا رہی ہے کہ اگر تیجسوی کے پروگراموں کا کوریج کیا گیا تو غلط نتائج بھگتنے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا کی آزادی ہر حال میں برقرار رہنی چاہئے اور سچائی بیان کرنے کا اپنا فریضہ ہر حال میں انجام دینا چاہئے یہی اصل صحافت ہے۔

ملک کی تعمیر و ترقی کیلئے تعلیم پر زور

پٹنہ (پریس اعلامیہ) بہار اردو اکادمی کے ہال میں ملک کی تعمیر و ترقی میں تعلیم کے کردار کے موضوع پر ایک سمینار کا انعقاد کیا گیا جس سے خطاب کرتے ہوئے ریاست کے داخلہ سکریٹری اور محکمہ اقلیتی فلاح کے پرنسپل سکریٹری عامر سبحانی نے کہا کہ تعلیم حاصل کرنا ہر شخص پر فرض ہے مگر المیہ ہے کہ مسلمانوں نے اس سبق کو بھلا دیا اور ترقی سے دور ہو کر پسماندگی کا شکار ہو گئے۔ تعلیم ہی ترقی کا ضامن ہے۔ خانقاہ معصیہ کے سجادہ نشیں سید شمیم احمد منعمی نے کہا کہ تعلیم کے بغیر ترقی کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔ تعلیم ہی انسانیت سکھاتی ہے اور انسان کو بڑا بناتی ہے۔ اردو مشاورتی کمیٹی کے چیئرمین شفیع مشہدی نے کہا کہ ملک کی تعمیر و ترقی کے لئے تعلیم بہت ضروری ہے اے ایچ ایم دانیال نے کہا کہ تعلیم کے حصول کے لئے مسلم ملت کو اپنی پوری قوت جھونک دینی چاہئے اور حکومت کے ذریعہ اقلیتوں کے لئے چلائے جا رہے فلاحی منصوبوں سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔ سمینار میں کثیر تعداد میں موجود مدرسہ بورڈ کے ٹاپرس طلباء و طالبات کو لیپ ٹاپ اور دیگر انعامات سے نوازا گیا اور ان کی بھرپور حوصلہ افزائی کی گئی۔

مجاہد خان کی شہادت کو ملک یاد رکھے گا: گورنر

پٹنہ (ت ن س) گورنر ستیہ پال ملک نے شری نگر میں دہشت گردوں کے ساتھ تصادم میں سی آر پی ایف 49 ویں بٹالین کے کانسٹیبل بہار کے آرہ کے پیر دبا شندہ مجاہد خان کی شہادت پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ گورنر ملک نے کہا کہ ملک مجاہد خان کی بہادری اور شہادت کو برابر یاد رکھے گا۔ گورنر نے دعا کی ہے کہ بہادر سپوت مجاہد خان کی شہادت کی اس گھڑی میں ان کے رشتہ داروں کو خدا صبر جمیل عطا کرے۔

کاکر گھاٹی نہر کے نئے ڈھانچے کی تعمیر کیلئے 333 لاکھ روپے منظور

پٹنہ (ت ن س) محکمہ آبی وسائل سے موصول اطلاع کے مطابق کاکر گھاٹی شاخ نہر کے وی دو (HF) 8.00,54.90,59.62,64.40,68.30 پر 71.50,74.80,80.17,95.75,120.35

تعمیر و تنصیب کے کام کے لئے 55 لاکھ روپے منظور

پٹنہ (ت ن س) محکمہ آبی وسائل سے موصول

پٹنہ (شعبان) مشہور سماجی کارکن اور تحریک کار ونداپاٹکر تحریک کی سربراہ میدھا پاٹکر نے بہار کے وزیر اعلیٰ نیتیش کمار کو ایک تفصیلی خط لکھ کر ان سے اپنا درد بیان کیا ہے اور انصاف مانگا ہے۔ انہوں نے اپنے حالیہ گیا دورہ کے دوران انتظامیہ کے سلوک اور غیر قانونی کارروائی کے ذو واقعات کا تفصیل سے تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ عوامی تحریکوں کے قومی رابطہ کے تحت

شرابی کو پولس نے کیا گرفتار

منیر (شعیب) پولس نے غیر قانونی پارکنگ میں سواری لوڈ کر سڑک جام کرنے کے معاملے میں آٹو کو پکڑ کر تھانہ لے آئی۔ وہیں لودی پور کے ہردیہ نند رائے شراب کے نشے میں تھانہ پہنچ کر آٹو کو چھوڑنے کیلئے پولس پر دبدبہ بنا کر پریشان کر رہا تھا جہاں اسکی حالت کو دیکھ کر اس کی جانچ کی گئی جہاں وہ شراب کے نشے میں پایا گیا پولس نے اسے فوراً گرفتار کر لیا۔

لیو مینس کرائے گا دنیا کی سیر

پٹنہ (پریس اعلانیہ) لیو مینس پاور ٹیکنالوجی بھارت کی سرفہرست بجلی کمپنی ہے اس کے ہوم یو پی ایس، انورٹر بیٹری اور ہوم الیکٹریکل اور دوسرے بجلی کے سامان کافی فروخت ہوتے ہیں۔ لیو مینس کا سلیکٹ فین کلکشن صارفین کو دنیا کی سیر کرائے گا۔ بھارت میں پہلی بار دنیا بھر کے سب سے فیشنیبل شہروں سے ترغیب پا کر پنکھوں کی ایک بے مثال ڈیزائن والی رینج دستیاب کرائی گئی ہے۔

ایم ٹی وی سپر فائٹ لیگ نئے سیزن کی شروعات

پٹنہ (پریس اعلانیہ) ملک کا سرفہرست یوتھ برانڈ ایم ٹی وی دنیا کے پہلے مکسڈ مارشل آرٹس مقابلہ ایم ٹی وی سپر فائٹ لیگ سیزن لیکر تیار ہے۔

بدھ گیا میں منعقد ریاستی کانفرنس میں شرکت کے دوران انہوں نے اپنے ساتھیوں اور متاثرہ لوگوں کے اہل خانہ سے بات چیت کر جو حالات معلوم کئے وہ بہت ہی دردناک ہے۔ 7 فروری کو گیا شہر کے گیمال بیگھا میں ایک غریب سنجے کمار کی 8 سال کی بچی [illegible] اور پھر عصمت دری و قتل کے واقعہ نے انسانیت کو شرمسار کیا۔ اسی طرح واقعہ معروف گنج محلہ میں تین مسلم نوجوانوں کی گرفتاری کا ہے۔ انور، شاد اور سمیع کی گرفتاری سپریم کورٹ کے ڈی کے باسو کیس میں اعلان شدہ فیصلہ کے مطابق کسی مرحلہ کے بغیر ہوئی جو سراسر غلط و غیر قانونی ہے۔ ان مسلم نوجوانوں پر دہشت گردانہ واقعہ میں ملوث ہونے یا دہشت گردوں سے تعلق ہونے کا جو الزام عائد کیا گیا وہ بھی غلط سے بنیاد ہے۔ اس سلسلے میں انہیں انصاف کا شدت سے انتظار ہے۔

پٹنہ میں دوروزہ اسٹیم ورکشاپ شروع

پٹنہ (ت ن س) امریکی سفارت خانہ کے ذریعہ منعقد اسٹیم ورکشاپ شروع ہوا۔ دہلی واقع امریکی سفارت خانہ کے پبلک افیئرس سیکشن کے ربط سے دو دن ان اسٹیم روڈ شو کیا جا رہا ہے۔ اس روڈ شو کے تحت نو ورکشاپ کا انعقاد ہوگا۔ اس سلسلے میں تیسرا درجہ کے شہر دہلی، کلکتہ، حیدرآباد اور دوسرا درجہ میں شامل پٹنہ، کرنول اور علی گڑھ میں ورکشاپ ہوگا۔ ہند اور امریکہ باہمی ربط کے تحت اقلیتوں اور ناموافق زمرے کی خواتین کیلئے اسٹیم (STEM) تعلیمی اور تحقیقی مواقع کیلئے ایک بار پھر ہندوستان کے 9 مقامات پر ورکشاپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ بہار سے تعلق رکھنے والی ڈاکٹر نسرین حق، صدر اور سی ای او، اعلاج انک، امریکہ کی زبردست زور پر پہلی باریہ ورکشاپ بہار کی راجدھانی پٹنہ میں بھی منعقد ہونے جا رہا ہے۔ اسٹیم کا مطلب یہ ہے کہ سائنس، ٹکنالوجی، انجینئرنگ اور میتھس کے میدان میں اعلیٰ تعلیمی مواقع کیلئے لڑکیوں اور خواتین میں معاشی بڑھاوا اور ترقی میں تعاون اور بیداری پیدا کی جائے۔ اس پروگرام کا مقصد یہ ہے کہ اطلاعات، تجربات اور مہارت کے ذریعہ فرد سے فرد کے درمیان ہندوستان اور امریکہ کے رشتہ کو مضبوط کیا جائے۔ ہندوستان میں یو ایس یونیورسٹی سے فارغین اور پروموٹنگ ایجوکیشن یو ایس کے ذریعہ باہمی مشورہ کے ذریعہ ہندوستانی بچیوں کو امریکہ میں اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے بڑھاوا دیا جائے اور ساتھ ہی ساتھ اسٹیم پیک گراونڈ کے اساتذہ کو بھی ٹریننگ کیلئے امریکہ لے جانے کا پروگرام ہے۔ پٹنہ میں ہونے والے ورکشاپ میں امریکہ کی یونیورسٹیوں سے منتخب لوگوں کی آمد ہو رہی ہے خاص طور او ہیو اسٹیٹ یونیورسٹی کا نام شامل ہے اور اس ورکشاپ میں شامل ہونے والی گریجویٹ بچیوں اور خواتین کا انتخاب کر کے امریکہ کی یونیورسٹیوں میں اسٹیم فیلڈ میں اعلیٰ تعلیم کیلئے ہر طرح سے تعاون دیا جائیگا امید ہے کہ پٹنہ میں اس ورکشاپ میں اقلیتی طبقہ کے پسماندہ اور محروم طبقات کی ۳۵ بچیاں شامل ہونگی۔ پٹنہ کی خوش قسمتی ہوگی کہ اس ورکشاپ میں ڈاکٹر سلطانہ این ناہر، ڈاکٹر کرین اروِنگ، ڈاکٹر اِل کے پردھان جیسے لوگ شامل ہو رہے ہیں۔ پرنسپل ڈاکٹر میری جسی پرنسپل پٹنہ ویمنس کالج مہمان خصوصی ہونگی۔